انڈین مسلمس فار سیکولر ڈیموکریسی (IMSD)
اعلان نامہ

ہم ہندوستانی مسلمان ہیں

ہم اُن اعلیٰ انسانی اقدار کی بھرپور حمایت کرتے ہیں جو اقوام متحدہ کی بین الاقوامی حقوقِ انسانی کے اعلان نامہ اور دستورِ ہند میں موجود ہے۔

ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ یہ اقدار اسلام کی بنیادی تعلیمات کے عین مطابق ہیں۔

دوسرے مذاہب کی طرح اسلام کبھی جامد مذہب نہیں رہا۔ ہم صدیوں پرانی ان اسلامی رواداری کی روایات پر قائم ہیں جن میں قانونی اور عملی طور پر اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت کی تلقین کی گئی ہے۔

ہم اس بات پر بھی یقین رکھتے ہیں کہ جو کوئی خود کو مسلمان کہتا ہے چاہے وہ کسی بھی مسلک یا عقیدہ سے تعلق رکھتا ہو۔

خاص طور پر۔۔۔۔۔

ہمارے نزدیک ریاست اور مذہب کے معاملات ایک دوسرے سے الگ ہونے چاہیے۔

ہم زندگی کے تمام شعبوں میں جنسی انصاف (Gender Justice) اور جنسی مساوات (Gender Equality) پر یقین رکھتے ہیں۔

ہمارا موقف کسی بھی مذہبی، لسانی، نسلی، ذاتی، جنسی (Gender) یا جنسی رجحان (Sexual Orientation) کی تفریق کے بغیر اقلیتوں، کمزور طبقوں اور معذوروں کے حقوق تسلیم کرنا ہے۔

ہم قومی اور بین الاقوامی سطح پر ہم خیال تنظیموں اور انجمنوں سے باہم اشتراک کے خواہاں ہیں۔

ہمیں یقین ہے کہ ہندوستانی مسلمانوں کی اکثریت بھی ہماری طرح سوچتی ہے، فرق صرف اتنا ہے کہ انہیں اظہارِ خیال کے مواقع میسر نہیں ہیں۔ ہم اُن تمام لوگوں کا اس فورم میں استقبال کرتے ہیں۔

ہمیں خوشی ہے کہ ہمارے ملک کی اکثریت گنگا جمنی تہذیب، اجتماعی رنگارنگی اور پرامن بقائے باہم جیسی اعلیٰ اقدار میں یقین رکھتی ہے۔

ہمارے مقاصد۔۔۔۔۔

IMSD کے ممبر ہونے کے ناطے ہماری سب سے بڑی ذمہ داری اپنی قوم کے تئیں ہے۔

جنسی مساوات اور انصاف کو فروغ دینا،

قوم کے درمیان احساسِ تکثیریت، عصبیت، مخصوص ذہنیت، دہشت گردی، شدت پسندی اور کٹر پنتھی جیسے کسی بھی منفی رجحانات کا مقابلہ کرنا۔

اسلامی رواداری کی روشن روایات کا احیاء اور قومی یکجہتی، اجتماعی رنگارنگی کو فروغ دینا ہے۔

آیئے ہمارے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔